## 5452 ـ اسلام قبول کرنے سے پہلے گودائ کا نشان ہے جسے اب ختم کرنا تکلیف دہ ہے

**سوال**

میں جب کافرہ تھی اس وقت سے میرے کندھے پرگودنے کا نشان باقی ہے الحمدللہ اب میں مسلمان ہوں اورمیراخاوند اس کی مخالفت نہیں کرتا لیکن اس کے باوجود میں یہ نشان ختم کرنا چاہتی ہوں ، مجھے بتایا گیا ہےکہ اسے لیزر کے ساتھ ختم کیا جائے گا جوکہ زیادہ تکلیف دہ ہے کیونکہ جلدجلائ جائے گی میں چاہتی ہوں کہ بغیر حساب کے جنت والوں میں شامل ہوجاؤں ، ان شاءاللہ
میں اب توبہ کرچکی ہوں تومجھے اب کیا کرنا چاہیے ؟
اللہ تعالی آپ کوجزائے خیر عطا فرمائے ۔

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اس اللہ تعالی کا شکراورتعریف ہے جس نے آپ کوصراط مستقیم پرچلایا اوراس کی راہنمائ فرمائ ہم اللہ تعالی سے آپ کی ثابت قدمی کی دعا کرتے ہیں

اس نشان کے بارہ میں ہم یہ کہیں کہ اگراسے آپریشن کے بغیر ختم نہیں کیا جاسکتا توآپ پرکوئ ضروری اور لازم نہیں کہ اسے ختم کروائيں اس لیے کہ اس میں تکلیف اورمشقت ہے اوراذیت کا باعث ہے ، اوراللہ تعالی تویہ فرماتا ہے کہ :

اللہ تعالی نے تم پردین میں کوئ سختی نہیں رکھی

اس فعل پرآپ کی ندامت اورکراہیت اوردوبارہ ایسے فعل کونہ کرنا ہی کافی ہے ، اوردوسری بات یہ ہے کہ اسلام پہلے سب گناہوں کو ختم کرڈالتا ہے تواس طرح اس نشان کا باقی رہنا آپ کےلیے ان شاء اللہ کوئ نقصان دہ نہیں ۔

اللہ تعالی آپ کواپنی رضا مندی اورمحبت والے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین ۔

واللہ اعلم .